کھانا کھانے کی سنتیں اور آداب

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کھانا کھانے کی سنتیں بیان کر دیں۔

جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

کھانا اللہ پاک کی عظیم نعمت ہے۔ اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سنت کے مطابق کھانا کھایا جائے، تو پیٹ بھرنے کے ساتھ ساتھ سنت پر عمل کا ثواب بھی حاصل ہوگا۔ اس لئے چاہیئے کہ سنت کے مطابق کھانا کھانے کی عادت ڈالی جائے۔

کھانا کھانے کی کچھ سنتیں اور آداب یہ ہیں:

(1) ہر کھانے سے پہلے اپنے ہاتھ پہنچوں تک دھولیں۔ (2) جب بھی کھانا کھائیں توالٹا پاؤں بچھا دیں اور سیدھا پاؤں کھڑا رکھیں۔ (3) کھانے سے پہلے جوتے اتار لیں۔ (4) کھانے سے پہلے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" پڑھ لیں۔ (5) اگر کھانے کے شروع میں "بسم اللّٰہ" پڑھنا بھول جائیں تو یاد آنے پر "بِسْمِ اللہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ" پڑھ لیں۔ (6) سیدھے ہاتھ سے کھائیں۔ (7) اپنے سامنے سے کھائیں۔ (8) کھانے میں کسی قسم کا عیب نہ لگائیں۔ (ملخصاً از سنتیں اور آداب، صفحہ 89 تا 91، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "من أحب أن یکثر اللہ خیر بیته، فلیتوضأ إذا حضر غداؤہ، وإذا رفع"

ترجمہ: جو یہ پسند کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کے گھر میں برکت زیادہ کرے تو اسے چاہیئے کہ جب کھانا حاضر کیا جائے اور جب اٹھایا جائے تو وضو کرے۔ (سنن ابن ماجہ، جلد 2، صفحہ 1085، حدیث: 3260، دار احیاء الکتب العربیۃ)

بہارِ شریعت میں ہے "کھانے کے وقت بایاں پاؤں بچھا دے اور داہنا کھڑا رکھے یا سرین پر بیٹھے اور دونوں گھٹنے کھڑے رکھے۔" (بہارِ شریعت، جلد 3، حصہ 16، صفحہ 378، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "إذا وضع الطعام فاخلعوا نعالكم فإنه أروح لأقدامكم" ترجمہ : جب کھانا رکھا جائے تو اپنے جوتے اتار لو کہ یہ تمہارے قدموں کے لیے راحت ہے۔ (مشکاۃ المصابیح، جلد2، صفحہ1223، حدیث: 4240، المکتب الاسلامی، بیروت)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "إن الشيطان يستحل الطعام أن لا يذكر اسم الله عليه" ترجمہ : بے شک شیطان اس کھانے کو حلال سمجھتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا نام ذکر نہ کیا جائے۔ (صحیح مسلم، جلد6، صفحہ107، حدیث: 2017، مطبوعہ ترکیا)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "إذا أكل أحدكم فليذكر اسم الله تعالى، فإن نسي أن يذكر اسم الله تعالى في أوله فليقل بسم الله أوله وآخره" ترجمہ : جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اللہ کا نام ذکر کرے (یعنی بسم اللہ پڑھے) اور اگر وہ کھانے کے شروع میں اللہ کا نام ذکر کرنا بھول جائے تو کہے : بسم اللہ اولہ و آخرہ۔ (سنن ابی داؤد، جلد3، صفحہ347، حدیث: 3767، المکتبۃ العصریۃ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "إذا أكل أحدكم فليأكل بيمينه. وإذا شرب فليشرب بيمينه. فإن الشيطان يأكل بشماله ويشرب بشماله" ترجمہ : جب تم میں سے کوئی کھائے تو اسے چاہئے کہ سیدھے ہاتھ سے کھائے اور جب کوئی پیئے تو اسے چاہئے کہ سیدھے ہاتھ سے پیئے، بے شک شیطان الٹے ہاتھ سے کھاتا اور الٹے ہاتھ سے پیتا ہے۔ (صحیح مسلم، جلد3، صفحہ1598، حدیث: 2020، داراحیاء التراث العربی، بیروت)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "اذكروا اسم الله، وليأكل كل رجل مما يليه" ترجمہ : تم اللہ کا نام لو اور ہر شخص کو چاہئے کہ اپنے سامنے سے کھائے۔ (صحیح البخاری، باب الاکل ممایلیہ، جلد5، صفحہ2056، دار ابن کثیر، دمشق)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، فرمایا : "ما عاب النبي صلى الله تعالى عليه وآله وسلم طعاما قط، إن اشتهاه أكله، وإن كرهه تركه" ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کھانے کو عیب نہیں لگایا، خواہش ہوتی تو کھالیتے، اگر پسند نہ ہوتا تو چھوڑ دیتے۔ (صحیح البخاری، جلد5، صفحہ2065، حدیث: 5093، دار ابن کثیر، دمشق)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتویٰ نمبر : WAT-4129

تاریخ اجراء : 21 صفر المظفر 1447ھ/16 اگست 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net